ABC CERITIFIED
راولپنڈی، اسلام آباد، لاہور، کراچی، فیصل آباد، ملتان، بہاولپور میں پڑھا جانے والا معتبر اخبار ☆☆☆
Daily Awami Mutalba Lahore
روزنامہ
عوامی مطالبہ لاہور
چیف ایڈیٹر
رانا محمد عرفان
چیف ایگزیکٹو
میاں محمد عامر
جلد نمبر 17 پیر 22 جون 2026ء، 6 محرم الحرام 1448ھ 8 ہاڑ (صفحات 6 قیمت 10 روپے) شمارہ نمبر 138

# عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدۂ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے





میلسی (بیورو چیف میاں غضنفر محفوظ سے) عورت فاؤنڈیشن ایران اور ریاستہائے متحدۂ امریکہ کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا پُرتپاک خیر مقدم کرتی ہے اور اسے علاقائی اور عالمی امن کی جانب ایک عظیم پیش رفت قرار دیتی ہے۔ یہ بات نعیم احمد مرزا ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ممتاز مغل ایگزیکٹو ڈائریکٹر پروگرام عورت فاؤنڈیشن نے ایک اسلام آباد ایک میٹنگ میں کی انہوں نے کہا کہ تاریخ کے اس اہم لمحے کا پوری دنیا اور امن پسند انسانیت کو شدت سے انتظار تھا۔ عورت فاؤنڈیشن اس بات پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ پائیدار امن صرف مکالمے، سفارت کاری، باہمی احترام اور بین الاقوامی انسانی حقوق کے اصولوں کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ عورت فاؤنڈیشن پاکستان کے وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک، قابلِ ستائش اور مؤثر کاوشوں کو سراہتی ہے، جن کی مدبرانہ قیادت اور علاقائی امن سے وابستگی نے اس تاریخی جنگ بندی کی راہ ہموار کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی کوششیں بین الاقوامی سطح پر امن اور استحکام کے فروغ میں پاکستان کے مثبت اور تعمیری کردار کی عکاس ہیں۔ مذید کہا کہ یہ اہم پیش رفت عالمی امن، سلامتی اور اقوام کے درمیان باہمی تعاون کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کرے گی۔ بالخصوص خواتین، بچوں اور دیگر کمزور و محروم طبقات کو۔ انہوں نے کہا پاکستان امن کا گہوارہ ہے یہ ثابت کر دیا ہے۔